Maulana Azad National Urdu University

B.A V Semester Examination December - 2019

BAUR501DST: Akbar Ilahabadi

پرچہ: اکبرالہ آبادی

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

i۔ اکبرالہ آبادی کی پیدائش کب ہوئی۔

(الف) ۱۹۴۶ء (ب) ۱۹۴۷ء (ج) ۱۹۴۸ء (د) ۱۹۴۹ء

ii۔ اکبر کا پورا نام کیا ہے۔

(الف) احمد حسین اکبر (ب) شیخ اکبر حسین (ج) محمد اکبر حسین (د) سید اکبر حسین

iii۔ نظم برقِ کلیسا کا موضوع کیا ہے۔

(الف) مسلمانوں کی پستی (ب) انگریزی تہذیب کا غلبہ (ج) بین المذاہب شادی (د) مذکورہ بالا تینوں

iv۔ یہ مصرعہ کس کا ہے۔

گر جیب میں زر نہیں تو راحت بھی نہیں

(الف) غزل (ب) نظم (ج) رباعی (د) قطعہ

v۔ اکبرالہ آبادی پیشے سے کیا تھے۔

(الف) صحافی (ب) حکیم (ج) پروفیسر (د) منصف

vi۔ اکبرالہ آبادی کا انتقال کب ہوا۔

(الف) ۱۹۱۹ء (ب) ۱۹۲۰ء (ج) ۱۹۲۱ء (د)۱۹۲۲ء

vii۔ مسلمان لڑکے اور انگریزی میم کے درمیان گفتگو کس نظم میں پیش کی گئی ہے۔

(الف) نصیحت اخلاقی (ب) برقِ کلیسا (ج) جلوۂ دربار دہلی (د) تعلیم نسواں

P.T.O.

viii۔ اکبرالہ آبادی کا کلام ۔۔۔۔۔۔۔ میں شائع ہوتا تھا۔

(الف) شگوفہ (ب) سب رس (ج) نوائے ادب (د) اودھ پنچ

ix۔ ذیل میں کون اکبر کے معاصر نہیں تھے۔

(الف) ظفر علی خاں (ب) برج نارائن چکبست (ج) رتن ناتھ سرشار (د) نظیر اکبرآبادی

x۔ براق اور رفرف کا تذکرہ کس نظم میں ہے۔

(الف) پردہ (ب) نئی تہذیب (ج) برقِ کلیسا (د) نصیحت اخلاقی

حصہ دوم

2۔ اکبرالہ آبادی کو اصلاحی شاعر کیوں کہا جاتا ہے۔

3۔ سرسید چاہتے تھے کہ ہندوستانی مسلمان مغربی علوم سیکھیں اور اکبر اس کی مخالفت کرتے تھے۔ اس قول کی تائید یا تردید میں مدلل بحث کیجیے۔

4۔ اکبرالہ آبادی کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجیے۔

5۔ تعلیم نسواں کے حوالے سے اکبرالہ آبادی کے خیالات پر روشنی ڈالیے۔

6۔ نظم 'برق کلیسا' کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

7۔ اکبرالہ آبادی کی خطوط نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

8۔ اکبرالہ آبادی کے عہد سے متعلق اپنی معلومات قلمبند کیجیے۔

9۔ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ بیان کیجیے۔

(الف) نصیحت اخلاقی (ب) گاندھی نامہ (ج) مخمس (د) جلوۂ دربار دہلی

حصہ سوم

10۔ اکبرالہ آبادی کے حالات، زندگی پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

11۔ اکبر کی شاعری میں طنز و مزاح کی نشاندہی کیجیے۔

12۔ اکبرالہ آبادی نے اپنی شاعری کے ذریعے جدید تہذیب کے طوفان سے بچنے اور پرانی تہذیب سے رشتہ استوار کرنے کا پیغام دیا۔ اس خیال کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

13۔ اکبرالہ آبادی کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

14۔ اکبرالہ آبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

☆☆☆